# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال

نمبر 6455 اے ایس آر　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　مورخہ 18-04-2025

منجانب: سیکرٹری

بجانب: سربراہان گورنمنٹ ہائی / ہائر سیکنڈری / الحاق شدہ سکولز، ملحقہ ساہیوال بورڈ

عنوان: آن لائن رجسٹریشن / داخلہ شیڈول برائے جماعت نہم تعلیمی سیشن 2025-2027

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جماعت نہم میں رجسٹریشن / داخلہ برائے سیشن 2025-2027 کے لئے درج ذیل شیڈول / قواعد وضوابط و دیگر ضروری ہدایات کی منظوری دی گئی ہے۔ سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ شیڈول کے مطابق صرف اہل طلباء / طالبات کو داخل کریں۔ شیڈول کے برعکس کیا گیا داخلہ / رجسٹریشن کسی بھی وقت منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ گورنمنٹ ادارہ جات کے طلباء / طالبات بغیر لیٹ فیس کے شیڈول میں رجسٹریشن فیس سے مستثنیٰ ہیں جبکہ لیٹ فیس کے شیڈول میں رجسٹریشن فیس و لیٹ فیس بھی جمع کروانا ہو گی۔

| سیریل نمبر | شیڈول | تعلیمی اداروں میں داخلہ / رجسٹریشن کا ڈیٹا آن لائن کرنے، آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپیاں و جمع شدہ فیس کا اصل آن لائن کمپیوٹرائزڈ بنک چالان معہ فارورڈنگ لیٹر بورڈ ہذا میں جمع کرانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|
| 01۔ | جماعت نہم میں بغیر لیٹ فیس رجسٹریشن کی آخری تاریخ | 15-04-2025 تا 29-05-2025 |
| 02۔ | 600/- روپے لیٹ فیس (بورڈ کو واجب الادا) فی طالبعلم / طالبہ کے ساتھ رجسٹریشن کی آخری تاریخ | 30-05-2025 تا 13-06-2025 |

**نوٹ:** مورخہ 13-06-2025 کے بعد کسی بھی ادارہ کو فریش داخلہ کی اجازت ہرگز نہیں ہو گی۔ واضح رہے کہ رجسٹریشن ریٹرن اور بنک چالان کی صرف آن لائن کمپیوٹرائزڈ ہارڈ کاپی ہی قابل قبول ہو گی مینوئل رجسٹریشن ریٹرن و مینوئل بنک چالان قابلِ قبول نہ ہو گا۔ آن لائن رجسٹریشن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ ہذا کی ویب سائٹ (www.bisesahiwal.edu.pk) پر دستیاب ہے۔ کسی بھی دشواری کی صورت میں رجسٹریشن برانچ کے فون نمبر 040-9200526 اور کمپیوٹر برانچ کے فون نمبر 040-9200523 پر رابطہ کریں یا بروقت تحریری درخواست دیں بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

## • ہدایات / قواعد وضوابط برائے رجسٹریشن / داخلہ:

1۔ شیڈول میں دی گئی تواریخ کے مطابق درج ذیل فیس ساہیوال بورڈ کی حدود میں واقع یونائیٹڈ بنک / حبیب بنک کی کسی بھی منظور شدہ برانچ میں جمع کروائیں۔ چیک / ڈرافٹ وغیرہ قابل قبول نہ ہو گا۔ واضح رہے کہ رجسٹریشن / پراسیسنگ فیس جو ایک مرتبہ جمع ہو گئی نا قابلِ واپسی ہو گی۔ اس بارے کسی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔

**فیس شیڈول برائے گورنمنٹ ادارہ جات**

| سیریل نمبر | فیس شیڈول | فی طالب علم / طالبہ |
|---|---|---|
| 01۔ | پراسیسنگ فیس | 530/- روپے |
| 02۔ | ڈویلپمنٹ فنڈ | 300/- روپے |
| 03۔ | سپورٹس فیس | 200/- روپے |
| 04۔ | سکالرشپ فنڈ | 200/- روپے |
| | ٹوٹل فیس | 1230/- روپے |

**فیس شیڈول برائے الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ جات**

| سیریل نمبر | فیس شیڈول | فی طالب علم / طالبہ |
|---|---|---|
| 01۔ | رجسٹریشن فیس | 1000/- روپے |
| 02۔ | پراسیسنگ فیس | 530/- روپے |
| 03۔ | ڈویلپمنٹ فنڈ | 300/- روپے |
| 04۔ | سپورٹس فیس | 200/- روپے |
| 05۔ | سکالرشپ فنڈ | 200/- روپے |
| | ٹوٹل فیس | 2230/- روپے |

CamScanner

2۔i) داخل شدہ سائنس اور آرٹس کے تمام طلباء / طالبات کا Batch سائنس اور آرٹس گروپس میں بھی علیحدہ سے بنائیں اور فیس کا آن لائن کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان بھی سائنس اور آرٹس گروپس میں علیحدہ سے ہی جمع کروانا ہو گا۔ Batch بنانے کے بعد ادارہ جات اگر Batch <u>Un-confirm / ختم کروانا چاہتے ہوں</u> تو سربراہ ادارہ کی تحریری درخواست پر رجسٹریشن / داخلہ کی آخری تاریخ تک فی بیچ مبلغ -/1050 روپے ادائیگی کے بعد ختم کرواسکتے ہیں۔

کسی ادارہ کی طرف سے کی گئی غلط آن لائن انٹری کو ختم کروانے کے لئے سربراہ ادارہ کی تحریری درخواست پر مبلغ -/1050 روپے ادائیگی کے بعد رجسٹریشن کی آخری تاریخ تک ختم کروائی جاسکتی ہے۔ انٹری کو Delete کروانے کے بعد کسی دوسرے ادارہ میں داخلہ کی صورت میں دوبارہ رجسٹریشن فیس / پراسیسنگ فیس ادا کرنا ہو گی۔ کسی بھی ادارہ کی طرف سے اپنے آن لائن پورٹل میں ایڈ کیے جانے والے ایسے طلباء / طالبات جن کو کنفرم نہ کیا گیا ہو گا، رجسٹریشن کی آخری تاریخ سے پہلے ڈیلیٹ کرنا لازمی ہو گا۔ عدم تکمیل کی صورت میں سربراہ ادارہ ذمہ دار ہو گا۔

ii) اگر کوئی ادارہ طلباء / طالبات کی ڈبل رجسٹریشن کروائے گا / کرنے کی کوشش کرے گا تو فی طالبعلم / طالبہ مبلغ -/2000 روپے جرمانہ فیس سکول انتظامیہ سے وصول کی جائے گی، نیز متعلقہ امتحان کی منسوخی کیلئے کیس ڈسپلن برانچ کو ارسال کیا جائے گا۔

3۔ <u>PBCC فیصلہ مورخہ 2024-09-16 اور دفتری ترمیمی نوٹیفکیشن نمبر ASR-6065 مورخہ 2024-12-06 کے تحت جماعت نہم میں آن لائن رجسٹریشن کیلئے طلباء / طالبات کی بورڈ کی طرف سے مقرر کردہ عمر کی حد 12 سال میں 10 ماہ کی رعایت (Relaxation) کے بعد کم از کم عمر 11 سال 2 ماہ مقرر کی گئی ہے۔ اس سال جماعت نہم میں 2014-06-01 کے بعد کی تاریخ پیدائش والا طالبعلم / طالبہ رجسٹریشن / داخلہ کا اہل نہ ہے۔ رجسٹریشن ریٹرن میں والد / والدہ کا CNIC نمبر اور طالب علم / طالبہ کا 'ب' فارم نمبر درج کرنا لازمی ہے۔</u>

4۔ سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی تصدیق کرنے سے قبل اس بات کی تسلی کر لیں کہ طلباء / طالبات کے تمام کوائف (خاص طور پر نام / ولدیت / تاریخ پیدائش / مضامین / تصویر وغیرہ) درست فیڈ ہوئے ہیں اور طلباء / طالبات کو چیک کروا کر اُن سے دستخط کروا لیے ہیں کیونکہ رجسٹریشن ریٹرن میں درج شدہ کوائف ہی داخلہ فارمز اور رولنمبر سلپس پر درج ہونگے۔ غلطی کی صورت میں سربراہ ادارہ ذمہ دار ہو گا۔

5۔ کوئی الحاق شدہ تعلیمی ادارہ اپنے ادارہ کے طلباء / طالبات کے علاوہ کسی دوسرے <u>غیر الحاق شدہ تعلیمی ادارہ کے طلباء / طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں نہیں بھجوائے گا، عدم تعمیل کی صورت میں اس ادارہ کا بورڈ سے الحاق ختم کر دیا جائے گا۔</u> ایسے پرائیویٹ ادارے جنہوں نے الحاق میں توسیع کیلئے فیس و درخواست جمع نہیں کروائی اور رجسٹریشن میں توسیع برائے سیشن 26-2025 کا سرٹیفکیٹ فراہم نہیں کیا داخلہ کرنے کے مجاز نہ ہیں۔

6۔ تمام ادارہ جات بشمول پرائیویٹ و گورنمنٹ مخلوط تعلیم پر پابندی ہے۔

7۔ اگر کوئی ادارہ کسی طالب علم / طالبہ کو سکول سے خارج کرتا ہے تو اس کی صرف تحریری اطلاع دینا ہو گی رجسٹریشن کینسل نہ ہو گی۔

8۔ ایسے طلباء / طالبات جن کے مڈل کے نتیجہ کا اعلان تاخیر سے ہو رزلٹ شائع ہونے کے 10 یوم کے اندر داخل کئے جاسکتے ہیں۔ ایسے طلباء / طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن و جمع شدہ فیس کا اصل بنک چالان بمعہ رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی تاریخ داخلہ کے 10 یوم کے اندر بورڈ میں جمع کروانا ہو گی۔ تاخیر کی صورت میں طالبعلم / طالبہ داخلہ / رجسٹریشن کا اہل نہ ہو گا۔

9۔ ایسے مضامین جن کی کتب / سلیبس / نصاب دستیاب نہ ہوں یا لیبارٹریز اور کوالیفائڈ سٹاف نہ ہو ان کی تدریس سے مکمل احتراز کریں۔ کیونکہ بورڈ ایسے مضامین کا امتحان نہیں لے گا۔

10۔ <u>جماعت نہم میں ری ایڈمیشن:</u> بورڈ کے 50ویں اجلاس مورخہ 2023-03-17 کے فیصلہ کے مطابق جماعت نہم میں ری ایڈمیشن حاصل کرنے والے تمام طلباء / طالبات کے لیے ری ایڈمیشن حاصل کرنے کا عرصہ (01 سال) سے بڑھا کر (05 سال) کر دیا گیا ہے۔ اس سال جماعت نہم سالانہ امتحان 2021 اور اس کے بعد امتحان میں کسی مضمون / مضامین میں 33٪ سے کم نمبر / غیر حاضر / داخلہ نہ بھیجنے والے ریگولر / پرائیویٹ اُمیدواران جماعت نہم فرسٹ سالانہ امتحان 2025 کے نتیجہ کی اشاعت سے 30 ایام کے اندر رجسٹریشن فیس، پراسیسنگ فیس، سپورٹس فیس، ڈویلپمنٹ فنڈ، و سکالرشپ فنڈ مبلغ -/2230 روپے جمع کروا کر کسی بھی ادارہ میں ری ایڈمیشن لے سکتے ہیں۔ اِن امیدواران کی آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی و جمع شدہ فیس کا اصل آن لائن بنک چالان بھی انہی 30 ایام کے اندر بورڈ میں جمع کروائیں۔ بصورتِ دیگر شیڈول کی شق نمبر 14 کے تحت جرمانہ سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔ دوسرے بورڈ کے اُمیدواران اپنے سابقہ بورڈ سے باقاعدہ ری ایڈمٹ ہو کر بورڈ ہٰذا میں جماعت نہم میں دوبارہ داخلہ لے سکتے ہیں۔

11۔ <u>جماعت نہم میں لیٹ ری ایڈمیشن:</u> بورڈ کے 38ویں اجلاس مورخہ 2021-04-10 کی شق نمبر 2 ٹیبل ایجنڈا میں کیے گئے فیصلہ کے مطابق جماعت نہم کے نتیجہ کی اشاعت کے 30 ایام گزرنے کے بعد تا امتحانی داخلہ فارمز کے جاری کردہ سنگل فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک فیس مبلغ -/2230 روپے معہ -/200 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ جماعت نہم میں ری ایڈمیشن حاصل کیا جاسکتا ہے۔

CS CamScanner

12۔ **<u>جماعت نہم میں پاس ہونے کی صورت میں ری ایڈمیشن:</u>** جماعت نہم فرسٹ سالانہ امتحان 2025 میں پاس امیدواران اپنا رزلٹ میٹرک برانچ سے منسوخ کروانے کے بعد شق نمبر 10 کے تحت جماعت نہم میں ری ایڈمیشن لے سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ پاس امیدواران کے ری ایڈمیشن کی صورت میں ایسے امیدواران بورڈ کی پوزیشن کے حقدار نہ ہوں گے۔ یاد رہے کہ ری ایڈمیشن صرف ایک بار ہی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ دوبارہ ری ایڈمیشن کی اجازت ہرگز نہ ہو گی۔

13۔ **<u>دوسرے بورڈ سے آنے والے ریگولر طلباء و طالبات کا داخلہ:</u>** کسی دوسرے بورڈ سے جماعت نہم یا دہم میں زیرِ تعلیم ہونے کی صورت میں این او سی کی بنیاد پر آنے والے ریگولر طلباء / طالبات کا داخلہ این او سی کی تاریخ اجراء اور سابقہ سکول چھوڑنے کے سرٹیفیکیٹ کی تاریخ خارجہ کے 45 ایام کے اندر شق نمبر 1 کے تحت رجسٹریشن فیس جمع کروا کر کیا جاسکتا ہے۔ ایسے امیدواران کی مینوئل رجسٹریشن ریٹرن بمعہ جمع شدہ رجسٹریشن فیس کا اصل بنک چالان، دو عدد مصدقہ تصاویر، آن لائن رجسٹریشن کارڈ / ریٹرن (سابقہ بورڈ) کی مصدقہ کاپی، نہم پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی، اصل این او سی اور سابقہ سکول چھوڑنے کے سرٹیفیکیٹ کی مصدقہ کاپی متعلقہ سکول کی تاریخ داخلہ سے 10 ایام کے اندر بورڈ دفتر میں جمع کروانا ہو گی۔ تاخیر کی صورت میں لیٹ ریٹرن جرمانہ مبلغ -/500 روپے فی یوم ادا کرنا ہو گا۔ واضح رہے کہ امتحانی داخلہ شیڈول کی تین گنا فیس کی آخری تاریخ کے بعد این او سی / مائیگریشن کی بنیاد پر داخلہ کی اجازت ہرگز نہ ہو گی اور نہ ہی ان کی رجسٹریشن قابلِ قبول ہو گی۔ بیرون ممالک سے آنے والے امیدواران اپنے کوائف / دستاویزات پاکستانی سفارتخانہ / منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کروائیں۔

14۔ **<u>مقررہ تاریخ کے بعد موصولہ رجسٹریشن ریٹرن پر جرمانہ:</u>** شیڈول میں دی گئی تواریخ پر سختی سے عمل کریں۔ امیدواران کی رجسٹریشن و پروسیسنگ فیس بنک میں جمع نہ کرانے اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی و اصل فیس چالان دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں شیڈول ہذا میں مقرر کردہ آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ -/4000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/5000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ یہ جرمانہ پورے ادارے کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور اصل فیس چالان موصول نہ ہونے کی صورت میں بھی واجب الادا ہو گا اور ایک طالبعلم / طالبہ کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور اصل فیس چالان وصول نہ ہونے پر بھی واجب الادا ہو گا۔ یہ جرمانہ ناقابلِ معافی ہو گا اور نہ ہی اس بارے اپیل کی جاسکے گی۔

15۔ **<u>مضامین / گروپ کی تبدیلی کا طریقہ کار:</u>** داخل شدہ طلباء و طالبات اپنے ادارہ کے سربراہ کی وساطت سے رجسٹریشن ریٹرن جمع ہونے کی آخری تاریخ کے بعد 30 ایام کے اندر بورڈ کی ویب سائٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ادارہ کے آن لائن پورٹل سے لاگ اِن ہونے اور مجوزہ آن لائن دُرستی درخواست فارم پُر کرنے کے بعد دُرستی فارم کی سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ ہارڈ کاپی بمعہ جمع شدہ فیس چالان فی اُمیدوار جمع کروا کر تبدیلی کروا سکتے ہیں۔ فیس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

i۔ مبلغ -/2400 روپے فی مضمون تبدیلی معہ -/100 روپے فارم فیس

ii۔ مبلغ -/2200 روپے گروپ تبدیلی معہ -/100 روپے فارم فیس

رجسٹریشن ریٹرن جمع ہونے کی آخری تاریخ سے 30 ایام کے بعد اور امتحانی داخلہ شیڈول جاری ہونے سے قبل تک مضامین / گروپ غلط فیڈ ہونے کی صورت میں ان کی دُرستی کیلئے مجوزہ فیس کے علاوہ مبلغ -/2000 روپے فی امیدوار جرمانہ بھی ادا کرنا ہو گا۔ واضح رہے کہ آن لائن درخواست فارم کے ہمراہ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی ضرور لف کریں۔

16۔ **<u>امتحانی داخلہ شیڈول جاری ہونے کے بعد مضمون / گروپ کی دُرستی / تبدیلی کا طریقہ کار:</u>** رجسٹریشن ریٹرن میں مضمون اور گروپ کی دُرستی / تبدیلی امتحانی داخلہ شیڈول جاری ہونے کے بعد میٹرک برانچ سے کروائی جاسکتی ہے۔

17۔ **<u>رجسٹریشن ریٹرن میں کوائف کی دُرستی کا طریقہ کار:</u>** (i) رجسٹریشن ریٹرن جمع ہونے کی آخری تاریخ کے بعد 30 ایام تک کوائف (نام / ولدیت / تاریخ پیدائش وغیرہ) کی دُرستی بمطابق رجسٹر داخل / خارج و مبلغ -/500 روپے معہ -/100 روپے فارم فیس فی غلطی فیس ادا کر کے بورڈ کی ویب سائٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ادارہ کے آن لائن پورٹل سے لاگ اِن ہونے اور مجوزہ آن لائن دُرستی درخواست فارم پُر کرنے کے بعد ہارڈ کاپی بورڈ دفتر کو بھجوا کر دُرستی کروائی جاسکتی ہے۔ اس کے بعد جماعت نہم کے نتیجہ کی اشاعت سے قبل تک مبلغ -/1150 روپے معہ -/100 روپے فارم فیس فی امیدوار دُرستی فیس ادا کرنا ہو گی۔ واضح رہے کہ رجسٹریشن ریٹرن میں کوئی کوائف درج نہ ہونے کی صورت میں بھی فیس ادا کرنا ہو گی۔ رجسٹریشن ریٹرن میں کوائف کی دُرستی کیلئے رجسٹر داخل خارج (حصہ ہائی) کی مصدقہ فوٹو کاپی درخواست کے ساتھ ضرور لف کریں اور اصل رجسٹر داخل / خارج برائے معائنہ ہمراہ لائیں۔ رجسٹر داخل خارج (حصہ ہائی) پر کٹنگ / اوور رائٹنگ ہونے کی صورت میں مڈل / پرائمری کا اصل رجسٹر داخل خارج و مصدقہ کاپی پیش کرنا ہو گی۔ تاہم سربراہ ادارہ طلباء / طالبات کے ب فارم اور برتھ سرٹیفیکیٹ کے مطابق رجسٹر داخل خارج حصہ ہائی میں متعلقہ کوائف میں اگر درستی کرے تو درستی کی صورت میں متعلقہ اندراج پر مہر و دستخط ثبت کرنا لازمی ہو گا۔ جماعت نہم کا رزلٹ شائع ہونے کے بعد کوائف کی دُرستی متعلقہ دُرستی کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر عمل میں لائی جائے گی۔

(ii) <u>غلط تصویر کی دُرستی</u>: جماعت نہم کا امتحان شروع ہونے سے ایک روز قبل تک بورڈ کی ویب سائٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ادارہ کے آن لائن پورٹل سے لاگ اِن ہونے اور مجوزہ آن لائن دُرستی درخواست فارم پُر کر کے فارم کی ہارڈ کاپی، دُرستی تصویر فیس فی امیدوار مبلغ -/1150 روپے معہ -/100 روپے فارم فیس کا

CamScanner

اصل بنک چالان، ہمراہ دو عدد تازہ ترین تصاویر پچھلی طرف سے تصدیق شدہ فراہم کر کے دُرستی کروائی جا سکتی ہے۔ جماعت نہم کا امتحان شروع ہونے کے بعد تصویر درستی میٹرک برانچ کرے گی جبکہ جماعت نہم کا رزلٹ شائع ہونے کے بعد تصویر کی درستی ڈسپلن برانچ سے کروائی جا سکتی ہے۔

18۔ **رجسٹریشن ریٹرن میں خامیوں کی دُرستی کا طریقہ کار:** رجسٹریشن ریٹرن میں درج ذیل خامیاں دور کرنے کے لئے مبلغ-/500 روپے فی غلطی جرمانہ ادا کرنا ہو گا۔

i ۔ رجسٹریشن ریٹرن کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کے دستخط و مہر ثبت نہ ہونے کی صورت میں فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہو گا۔ نیز سربراہ ادارہ کو خود دفتر حاضر ہو کر دستخط و مہر ثبت کرنا ہونگے اس کیلئے کسی قسم کا کوئی ٹی اے / ڈی اے ادا نہیں کیا جائے گا۔

ii ۔ رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ سربراہ ادارہ کا فارورڈنگ لیٹر نہ ہونے کی صورت میں بھی جرمانہ ادا کرنا ہو گا۔

iii ۔ الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ جات اپنے ادارہ کی رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ بورڈ سے الحاق کا فریش لیٹر لف کریں۔ بصورت دیگر جرمانہ ادا کرنا ہو گا۔

iv ۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی پر طلباء / طالبات کے دستخط نہ ہونے کی صورت میں فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہو گا۔

v۔ طلباء / طالبات کی آن لائن رجسٹریشن میں تصاویر Vertical اَپ لوڈ نہ ہونے کی صورت میں فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہو گا۔

vi- Not Valid for the Board والی انرولمنٹ ہر گز قبول نہ ہو گی۔ مذکورہ انرولمنٹ بھجوانے کی صورت میں فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہو گا اور دوبارہ سے بار کوڈ والی انرولمنٹ لازمی مہیا کرنا ہو گی۔

vii۔ انرولمنٹ کا مدہم اور غیر واضح پرنٹ ہر گز قبول نہیں کیا جائے گا۔ انرولمنٹ کی ہارڈ کاپی غیر واضح ہونے کی صورت میں فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہو گا اور دوبارہ سے واضح انرولمنٹ کی ہارڈ کاپی بھی لازمی مہیا کرنا ہو گی۔

viii۔ رجسٹریشن ریٹرن فی صفحہ / رجسٹریشن کارڈ کی ڈپلیکیٹ کاپی حاصل کرنے کے لیے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہو گا۔

19۔ جملہ امتحانات کیلئے سرکاری / پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ جات اپنے ادارہ کی بلڈنگ / فرنیچر اور لیبارٹریز برائے پریکٹیکل فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز رجسٹریشن کرتے وقت تمام گورنمنٹ ادارہ جات امتحانی ڈیوٹی کیلئے ہر 40 طلباء / طالبات پر اپنے جملہ سٹاف میں سے ایک ٹیچر (SS/SST) کو پابند کرے اور اس کا مکمل ڈیٹا بمعہ موبائل نمبرز، تعلیمی قابلیت / عہدہ / CNIC نمبر آن لائن کرنے کے بعد اس کی ہارڈ کاپی بذریعہ ڈاک یا دستی ون ونڈو سیل میں لازمی جمع کروائیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں سربراہ ادارہ ذمہ دار ہو گا۔

20۔ **ساہیوال بورڈ کی حدود کے اندر سکول ٹو سکول مائیگریشن کا طریقہ کار:** سکول ٹو سکول مائیگریشن کی اجازت مروجہ قوانین کے تحت درج بالا رجسٹریشن شیڈول میں دی گئی بغیر لیٹ فیس کی آخری تاریخ سے 30 ایام کے بعد اور امتحانی داخلہ فارموں کے جاری ہونے والے شیڈول کے مطابق داخلہ فارموں کی تین گنا فیس کی آخری تاریخ تک ہو گی۔ اس کے بعد جماعت نہم کا رزلٹ شائع ہونے کے بعد مائیگریشن کی اجازت ہو گی۔ لوکل مائیگریشن کی اجازت نہیں ہے صرف الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ سے گورنمنٹ ادارہ میں لوکل مائیگریشن کی اجازت ہے۔

21۔ بورڈ اجلاس مورخہ 2020-08-07 کے فیصلہ کے تحت درستی نام، ولدیت میں "MUHAMMAD" کے سپیلنگ کی درستی فیس معاف ہے۔

**ضروری نوٹ: پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور کی طرف سے سال 26-2025ء سے میٹرک (نہم، دہم) کیلئے 04 نئے گروپس (سکیم آف سٹڈیز) متعارف کروا دیے گئے ہیں جن کا نوٹیفکیشن بورڈ ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔ جو طلباء / طالبات ان میں سے کسی بھی ایک گروپ کو بشرط دستیابی ٹیکسٹ بک اختیار کرنا چاہیں تو اختیار کر سکتے ہیں۔**

18/6/25

پروفیسر محمد فیاض سلیمی

(سیکرٹری)

**کاپی برائے اطلاع:**

1۔ جملہ سیکرٹریز، پنجاب بورڈز بشمول میرپور (آزاد جموں و کشمیر بورڈ)
2۔ جناب چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) ساہیوال، پاکپتن، اوکاڑہ
3۔ جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، ساہیوال (25 کاپیاں برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات)
4۔ پی۔ ایس برائے چیئرمین
5۔ پی۔ اے برائے سیکرٹری / کنٹرولر امتحانات
6۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)

CamScanner